PAPER CODE - 7201

1st Annual 2023 دہم کلاس

اسلامیات اختیاری ، گروپ : پہلا　　حصہ معروضی　　وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

DGK-1-23

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ اے میرے رب ! ان پر رحم فرما　(A) پڑوسیوں پر　(B) والدین پر　(C) اساتذہ پر　(D) دوستوں پر

2۔ لَارَیْبَ کتاب ہے　(A) تورات　(B) زبور　(C) انجیل　(D) قرآن مجید

3۔ خرچ کرنے والے کی مثال ایسی ہے جیسے کہ دانہ سے بالیاں نکلتی ہوں　(A) چار　(B) پانچ　(C) چھ　(D) سات

4۔ صور پھونکیں گے　(A) حضرت میکائیل علیہ السلام　(B) حضرت جبرائیل علیہ السلام　(C) حضرت اسرافیل علیہ السلام　(D) حضرت عزرائیل علیہ السلام

5۔ کائنات کے امن کا دارومدار ہے　(A) دولت پر　(B) علم پر　(C) طاقت پر　(D) عدل وانصاف پر

6۔ سلام کا جواب دینا ہے　(A) سنت　(B) واجب　(C) نفل　(D) مستحب

7۔ انسانی جسم کے تمام اعضاء کا حکمران ہے　(A) دماغ　(B) سر　(C) زبان　(D) دل

8۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پیشہ تھا　(A) بزازی　(B) خیاطی　(C) نجاری　(D) کاشتکاری

9۔ وضو کو شرط قرار دیا گیا ہے　(A) نماز کے لیے　(B) مراقبے کے لیے　(C) ذکر کے لیے　(D) خیرات کے لیے

10۔ بے حیائی کا تعلق ہے　(A) حسد سے　(B) بغض سے　(C) ظلم سے　(D) نفاق سے

11۔ طہارت کی اقسام بیان کی جاتی ہیں　(A) دو　(B) تین　(C) چار　(D) پانچ

12۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو کس نے قرآن ناطق کہا ؟

(A) حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا　(B) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا　(C) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا　(D) حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا

13۔ ہر انسان پر کتنی قسم کے فرائض اور ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ؟　(A) دو　(B) تین　(C) چار　(D) پانچ

14۔ یَقْرَؤُا قواعد میں کیا ہے ؟　(A) فعل امر　(B) فعل ماضی　(C) فعل مضارع　(D) فعل نہی

15۔ اِرْحَمْ گرامر کی رو سے کیا ہے ؟　(A) فعل امر　(B) فعل ماضی　(C) فعل مضارع　(D) فعل نہی

D

اسلامیات اختیاری ، گروپ : پہلا — حصہ انشائیہ — وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

DGK-1-23

حصہ اوّل — کل نمبر=60

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر2 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | " یوم الدین " سے کیا مراد ہے ؟ | ii | سورۃ البقرہ کی روشنی میں منافقین کا کردار تحریر کیجیے |
| iii | انفاق فی سبیل اللہ کے کوئی سے چار اقدامات تحریر کیجیے | iv | انسانی خون کی اہمیت کے بارے میں قرآن میں کیا حکم آیا ہے ؟ |
| v | اسلامی تعلیمات کے مطابق ناپ تول کے بارے میں آپ کیا احتیاطیں برتیں گے ؟ | vi | ضرورت مندوں کے ساتھ ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے ؟ |
| vii | رسول اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و سلم پر اپنی رائے ٹھونسنے سے کیوں منع کیا گیا ہے ؟ | viii | اپنے خاندان میں بدگمانی سے بچنے کی کوئی سے دو صورتیں بیان کیجیے |
| سوال نمبر3 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | حدیث مبارکہ کے مطابق دو آداب معاشرت تحریر کیجیے | ii | حدیث مبارکہ کے مطابق ہم ہمسائیوں سے اچھا سلوک کیسے کر سکتے ہیں ؟ |
| iii | سلام کرنے کے دو فوائد تحریر کیجیے | iv | اللہ تعالیٰ نے انسان کو معزز پیدا کیا ہے۔ وضاحت کیجیے |
| v | حدیث مبارکہ کے مطابق کونسا شخص خوش بخت اور کونسا بدبخت ہے ؟ | vi | ہم اپنی عملی زندگی میں اخوت کو کیسے فروغ دے سکتے ہیں ؟ |
| vii | دل جسم کا بادشاہ ہے ۔ اس کی وضاحت کیجیے | viii | کوئی سے چار عربی حروف استفہام تحریر کیجیے |
| سوال نمبر4 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | سورۃ اخلاص کی پہلی دو آیات کا ترجمہ کیجیے | ii | علم حاصل کرنے کے کوئی سے چار فوائد تحریر کیجیے |
| iii | جہاد کے لفظی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجیے | iv | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و سلم کیسے حیادار تھے ؟ حدیث کی روشنی میں وضاحت کیجیے |
| v | فحش اور حیا کا ایک ایک اثر لکھیے | vi | ملک میں سماجی انصاف کا جائزہ لینے کے لیے دو امور تحریر کیجیے |
| vii | عشر اور زکوٰۃ میں فرق تحریر کیجیے | viii | انسان کو کس مقصد کے لیے بنایا گیا ؟ قرآن کی روشنی میں بیان کیجیے |

## حصہ دوم

سوال نمبر5۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵+۵

(الف) عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ۝ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ
الَّذِىْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ ۝

(ب) اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

(ج) وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝
كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝

سوال نمبر6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵

(الف) مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ

(ب) لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ

سوال نمبر7۔ درج ذیل اجزا میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے ۵+۵

(الف) عقیدہ توحید کو دو احادیث اور تین قرآنی آیات کی روشنی میں واضح کیجیے

(ب) روزی کمانے کے پانچ ناجائز ذرائع بیان کیجیے (ج) حق کیا ہے ؟ حقوق النفس پر ایک جامع نوٹ لکھیے

سوال نمبر8۔ ضمیر مرفوع منفصل کی گردان لکھیے یا فعل معروف سے کیا مراد ہے ؟ عربی میں تین مثالیں دیجیے ۳+۲

D

PAPER CODE - 7204

1st Annual 2023 دہم کلاس

اسلامیات اختیاری ، گروپ : دوسرا — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

DGK-2-23

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ انسان کے نامہ اعمال کون لکھتے ہیں ؟ (A) منکر نکیر (B) کراماً کاتبین (C) ہاروت وماروت (D) ہابیل قابیل

2۔ سب سے پہلے تکبر کی بنیاد کس نے رکھی ؟ (A) فرعون (B) نمرود (C) شیطان (D) قابیل

3۔ سلام کہنا ہے (A) سنت (B) فرض (C) واجب (D) مستحب

4۔ دنیا سے فرار اختیار کرنے والا ہوتا ہے (A) جاہل (B) مجرم (C) عالم (D) راہب

5۔ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں شامل نہیں ہے (A) نماز (B) روزہ (C) زکوٰۃ (D) جہاد

6۔ عبادت کے بعد دوسرا فرض ہے (A) جہاد (B) نماز (C) صدقہ کرنا (D) حلال رزق کی تلاش

7۔ اے بصیرت والو ! حاصل کرو (A) خوشی (B) علم (C) عبرت (D) سبق

8۔ جہاد کی تیاری کا حکم کون سی سورۃ میں ہے ؟ (A) سورۃ احزاب (B) سورۃ البقرہ (C) سورۃ التوبہ (D) سورۃ انفال

9۔ بعض حکماء کے نزدیک حیا کے مراتب ہیں (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

10۔ ان میں سے اسم ضمیر کونسا ہے ؟ (A) طَارِقٌ (B) مَدرَسَه (C) جَمَلٌ (D) هُوَ

11۔ مرکب بنتا ہے کم از کم ................ (A) ایک کلمہ سے (B) دو کلمہ سے (C) تین کلمہ سے (D) چار کلمہ سے

12۔ " اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ " کے مطابق عزت والا ہے (A) متقی (B) مسلمان (C) مومن (D) نیکوکار

13۔ عام حدیث کے مطابق منافق کی علامتیں ہیں (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

14۔ یہ گناہ کرنا اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے مترادف ہے (A) حسد (B) گالی دینا (C) جھوٹ بولنا (D) غیبت کرنا

15۔ " رِقَاب " کا مطلب ہے (A) ہاتھ (B) گردنیں (C) چہرے (D) پاؤں



D

اسلامیات اختیاری ، گروپ : دوسرا

## حصہ انشائیہ

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

DGK-2-23

## حصہ اول

کل نمبر=60

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر2 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | بدلہ کے دن سے کیا مراد ہے ؟ | ii | قیامت کے دن کس ہستی کا حکم چلے گا ؟ |
| iii | قرآن مجید کے مطابق مستحقین کتنی قسم کے ہیں ؟ | iv | وعدہ پورا کرنے کے بارے میں کسی قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیے |
| v | سورۃ النساء کے مطابق شہادت کے کوئی سے چار زریں اصول بیان کیجیے | vi | وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا کے تحت چار امور لکھیے |
| vii | " قصاص " سے کیا مراد ہے ؟ | viii | بغیر تحقیق بات کرنے کی ممانعت کیوں ہے ؟ |
| سوال نمبر3 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ سَلَّمَ کی بچوں سے شفقت مثالی تھی کوئی سی دو مثالیں تحریر کیجیے | ii | حدیث کی روشنی میں ہمسائے کے کوئی سے دو حقوق تحریر کیجیے |
| iii | وضاحت کیجیے کہ سلام ایک دعا ہے | iv | حدیث کے مطابق عصبیت کی تعریف کیجیے |
| v | حدیث کے مطابق سعادت مند کون ہے ؟ وضاحت کیجیے | vi | ظلم کے دو معاشرتی نقصانات تحریر کیجیے |
| vii | حدیث کی روشنی میں مسلمانوں کے اتحاد کی ایک عمدہ مثال تحریر کیجیے | viii | کوئی سے دو حروف جارہ کی وضاحت کیجیے |
| سوال نمبر4 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| i | عقیدہ توحید سے پیدا ہونے والی دو خوبیاں تحریر کیجیے | ii | طہارت اخلاق اور طہارت جسم میں فرق بیان کیجیے |
| iii | قرآن پاک کی روشنی میں غازی مجاہد کی دو خوبیاں لکھیے | iv | خرچ کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے کون سی دو ہدایات فرمائی ہیں ؟ |
| v | عدل کرنے کے دو طریقے تحریر کیجیے | vi | شرک کے رد میں دو دلائل لکھیے |
| vii | حدیث میں بیان کردہ دو علوم کے نام لکھیے | viii | توحید نیکیوں کی جڑ کیسے ہے ؟ لکھیے |

## حصہ دوم

سوال نمبر5۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵+۵

(الف) لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِیّٖنَ ۚ

(ب) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ ۝

(ج) وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِیْرًا ۝ اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ط

سوال نمبر6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵

(الف) مَنْ لَّمْ یَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْكُرِ اللّٰهَ

(ب) اِیَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ

سوال نمبر7۔ درج ذیل میں سے کسی دو اجزاء کے جوابات لکھیے ۵+۵

(الف) اطاعت رسول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ سَلَّمَ پر مختصر نوٹ لکھیے

(ب) رزق کمانے کے پانچ جائز ذرائع پر نوٹ لکھیے (ج) اسلامی عبادات کی پانچ امتیازی خصوصیات تحریر کیجیے

سوال نمبر8۔ فعل ماضی کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجیے یا اسم ضمیر کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں تحریر کیجیے ۳+۲